09/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ریاست کے 6 کمیونٹی صحت مراکز میں فائر بریگیڈ کے بندوبست کے لیے 73.20 لاکھ روپئے جاری

لکھنؤ: 9 دسمبر 2021

اتر پردیش حکومت نے رواں مالیاتی سال 22-2021 میں ضلع للت پور کے 5 کمیونٹی صحت مراکز اور ضلع غازی آباد کے ایک صحت مرکز میں فائر بریگیڈ بندوبت کے لیے کل 73.20 لاکھ روپئے جاری کر دیا گیا ہے۔ اس ضمن میں محکمہ علاج وصحت کے ذریعہ ضروری حکم نامہ جاری کیے ہیں۔

جاری حکم نامہ کے مطابق ضلع للت پور میں کمیونٹی صحت مرکز بار، بردھا، مڈوارا، مہرولی اور تال بیہٹ میں فائر بریگیڈ بندوبست کے لیے فی مرکز 12.20 لاکھ روپئے، کل 61 لاکھ روپئے جاری کیا گیا ہے۔ اسی طرح ضلع غازی آباد میں کمیونٹی صحت مرکز لونی کے لیے 12.20 لاکھ روپئے جاری کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆